# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: اسلام کا قانون زکوٰۃ وعشر (۲۹۶۸)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبرا

**(یونٹ: 1 تا 4)**

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 50**

**سوال نمبر 1۔** زکوٰۃ کا تصور اسلامی معاشرت میں نہایت اہمیت رکھتا ہے اور یہ مالی عبادات میں مرکزی مقام رکھتا ہے۔ یہ نہ صرف روحانی پاکیزگی بلکہ معاشرتی فلاح کا ذریعہ بھی ہے۔ (20)

**زکوٰۃ کے تصور کو واضح کریں اور اس کی دینی بنیادوں کی تشریح کریں۔**

**سوال نمبر 2۔** اسلامی تعلیمات میں زکوٰۃ کو ایک ایسا نظام قرار دیا گیا ہے جو دولت کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بناتا ہے۔ (20)

**زکوٰۃ کی اہمیت کو نمایاں کریں اور اس کے معاشرتی فوائد کو بیان کریں۔**

**سوال نمبر3۔** زکوٰۃ کی حکمت میں انسانی ہمدردی، مساوات اور عدل جیسے بنیادی اصول شامل ہیں جو ایک مثالی معاشرہ تشکیل دیتے ہیں۔ **(20)**

**زکوٰۃ کی حکمت کو اجاگر کریں اور اس کے اخلاقی پہلوؤں پر گفتگو کریں۔**

**سوال نمبر4۔** زکوٰۃ کے احکام کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ایک منظم معاشرتی نظام کی تشکیل کے لیے ضروری ہے۔ **(20)**

**زکوٰۃ کے احکام کی وضاحت کریں اور ان کی اہمیت کو واضح کریں۔**

**سوال نمبر5۔** زکوٰۃ کے واجب ہونے کے لیے کچھ اصول اور شرائط مقرر کی گئی ہیں جو اس کی ادائیگی کو لازمی بناتے ہیں۔ **(20)**

**وجوبِ زکوٰۃ کے اصولوں کو بیان کریں اور ان کی اہمیت کو واضح کریں۔**

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5تا9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

**سوال نمبر1۔** مصارفِ زکوٰۃ کا نظام اسلامی معاشرے میں مستحق افراد کی مدد اور معاشی توازن قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ **(20)**

**مصارفِ زکوٰۃ کی وضاحت کریں اور ان کی اقسام کو بیان کریں۔**

**سوال نمبر2۔** جدید معاشرتی مسائل کے حل کے لیے اسلامی تعلیمات ایک جامع فریم ورک فراہم کرتی ہیں جو ہر دور میں قابلِ عمل ہے۔ **(20)**

**جدید مسائل کی نشاندہی کریں اور ان کے شرعی حل پر بحث کریں۔**

**سوال نمبر3۔** اسلامی معیشت کے اصول عدل، دیانت اور مساوات پر مبنی ہیں جو ایک مستحکم معاشی نظام کی بنیاد رکھتے ہیں۔ **(20)**

**اسلامی معیشت کے اصولوں کو بیان کریں اور ان کی اہمیت کو واضح کریں۔**

**سوال نمبر4۔** صدقہ فطر ایک اہم فریضہ ہے جو معاشرے میں اخوت اور ہمدردی کو فروغ دیتا ہے اور مستحق افراد کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ **(20)**

**صدقہ فطر کے مقاصد کو بیان کریں اور اس کے فوائد پر روشنی ڈالیں۔**

**سوال نمبر5۔** عشر اور خراج اسلامی مالیاتی نظام کے اہم اجزاء ہیں جو زرعی پیداوار اور زمین سے متعلق مالی ذمہ داریوں کو منظم کرتے ہیں۔ **(20)**

**عشر اور خراج کے نظام کی اہمیت کو اجاگر کریں۔**